پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سے بیرسٹر امجد ملک کی تفصیلی ملاقات — اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل، قانونی معاونت اور ادارہ جاتی روابط پر جامع تبادلہ خیال

لاہور (خصوصی نمائندہ)—اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب کے وائس چیئرپرسن بیرسٹر امجد ملک نے آج پراسیکیوٹر جنرل آفس لاہور کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ سے تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات میں اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش قانونی، انتظامی اور فوجداری مقدمات کے مسائل کے حل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔

بیرسٹر امجد ملک نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی نہ صرف پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں بلکہ ملک کے سفیر بھی ہیں۔ ان کے مسائل کا فوری اور مؤثر حل ریاستی اداروں کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش فوجداری نوعیت کے مقدمات، پراپرٹی تنازعات، زمینوں پر قبضہ اور دیگر مسائل کے حوالے سے پراسیکیوٹر جنرل کے دفتر کے کردار کو انتہائی اہم قرار دیا۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مقدمات میں پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ اور اوورسیز کمیشن کے درمیان باہمی رابطے کو مؤثر بنایا جائے گا تاکہ انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس مقصد کے لیے باقاعدہ ایس اوپیز (Standard Operating Procedures) تشکیل دی جائیں گی تاکہ ہر ادارہ اپنی ذمہ داریوں کو واضح طور پر ادا کرسکے۔ ڈائریکٹر ایڈمن اوورسیز پاکستانی کمیشن محمد ارشد علی فاروقی بھی ملاقات میں موجود تھے جنہوں نے دونوں اداروں کے درمیان روابط مضبوط بنانے اور ڈیٹا شیئرنگ میکانزم قائم کرنے پر زور دیا۔ اس بات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کہ ہر ضلع میں پراسیکیوٹر آفس کو اوورسیز سیل سے منسلک کیا جائے تاکہ مقدمات کی نگرانی اور پیروی مؤثر طریقے سے کی جاسکے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے اوورسیز پاکستانیوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے مسائل کے حل کے لیے پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا اور مشترکہ اقدامات کے تحت فالو اپ میکانزم کو مضبوط بنایا جائے گا۔ یہ ملاقات دونوں اداروں کے درمیان تعاون کے نئے باب کا آغاز ثابت ہوسکتی ہے جس سے بیرون ملک پاکستانیوں کو انصاف کی جلد فراہمی اور تحفظ ممکن بنایا جاسکے گا